سوال

(494) روزہ رکھا ہوا ہے تو وہ بھول کر کچھ کھانے پینے لگتا ہے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر ایک بندے نے روزہ رکھا ہوا ہے تو وہ بھول کر کچھ کھانے پینے لگتا ہے اور دوسرا بندہ اس کو دیکھتا ہے تو کیا وہ اسے یاد کرواسکتا ہے کہ تم روزے سے ہو یہ چیز نہ کھاؤ۔ حالانکہ اس کو اللہ کھلا رہا ہے۔ اگر اللہ چاہے تو اسے یاد آسکتی ہے۔ دوسرا بندہ یاد کرواسکتا ہے کہ نہیں دلیل سے راہنمائی فرمائیں؟ جزاکم اللہ خیراً

(سجاد الرحمن شاکر بن حاجی محمد اکرم، ننگری بالا)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

یاد دلا سکتا ہے ''اس کو اللہ کھلا رہا ہے'' سے آپ نے جو استدلال فرمایا درست نہیں۔ کیونکہ وہ حالت نسیان میں کھائی چیز کے متعلق ہے، پھر کسی دوسرے کا اسے یاد دلانا اللہ کی مشیت کے منافی نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: ((فَإِذَا نَسِيتُ فَذَكِّرُونِي))3

[''پس میں جب بھول جاؤں تو مجھے یاد دلایا کرو۔'' ۹ ۱ ۱۴۲۴ھ

3بخاری الصلاة باب التوجہ نحو القبلة حیث کان، مسلم المساجد باب السھو فی الصلاة

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02 ص423